## دنیا کے مختلف ملکوں کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام یوم شہداء منایا گیا

## لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کی گئی، اراکین رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم یو کے کے ذمہ داروں، کارکنوں، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی شعبہ خواتین کی ارکان، سیکریٹریٹ کے ارکان کے اہل خانہ اور دیگر کئی افراد کی شرکت

لندن۔۔۔10 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام دنیا کے مختلف ملکوں کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام یوم شہداء منایا گیا۔ اس سلسلے میں لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کی گئی جس میں اراکین رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم یو کے کے ذمہ داروں، کارکنوں، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی شعبہ خواتین کی ارکان، سیکریٹریٹ کے ارکان کے اہل خانہ اور دیگر کئی افراد نے شرکت کی۔ بعدازاں فاتحہ خوانی کی گئی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید، شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید اور تحریک کی جدوجہد میں شہید ہونیوالے تمام کارکنوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ حافظ مسرور الحسن نے فاتحہ خوانی کرائی۔ اس موقع پر شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کے ساتھ ساتھ ملک کی سلامتی واستحکام، تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆